
بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids



اپنے دین کو سیکھیں

رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves

Kids

مجلس کے آداب

مجلس کے بہت سے آداب ہیں ان میں سے کچھ آداب کے بارے میں جانیں گے



- کسی جگہ داخل ہوتے وقت اور باہر نکلتے وقت سلام کرنا چاہیے
- خوش دلی



- مجلس میں آنے والوں کے لیے جگہ بنانا
- مقرر کو سننا، ان کی بات میں خلل نہیں ڈالنا، بڑی آواز میں بات نہ کرنا۔
- اللہ کا ذکر کرنا اور نبی ﷺ پر درود بھیجنا



- مجلس کے کفارہ کی دعا پڑھنا

1 کسی جگہ داخل ہوتے وقت اور باہر نکلتے وقت سلام کرنا چاہیے



نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : کیا میں تمہیں ایک ایسی بات بتاؤں جب کہ اگر تم اس پر عمل کرو گے تو تمہارے درمیان باہمی محبت پیدا ہو گی: آپس میں سلام کو عام کرو۔

مسلم:54



استاد کلاس روم میں داخل ہوتے وقت کہتے ہیں :

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

طلباء نے جواب دیا : وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہ



اور جب درس پڑھا کر فارغ ہوئے تو طلباء کو الوداع کہتے ہوئے کہا:السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

طلباء نے جواب دیا : وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہ

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

اوپر بیان کی گئی حدیث میں نبی ﷺ ہمیں کس آداب کی طرف توجہ دلا رہے ہیں؟

- ☆ خوش اخلاقی
- ☆ سلام کو عام کرنا

استاد کلاس روم میں داخل ہوتے وقت کیا کہتے ہیں؟

- ☆ السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ
- ☆ و علیکم السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہ

سلام کے جواب میں طلباء نے کیا کہا؟

- ☆ السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ
- ☆ و علیکم السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہ

کلاس سے باہر نکلتے وقت استاد نے کیا کہا؟

- ☆ السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ
- ☆ و علیکم السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہ

2 خوش دلی

ابو ذر رض کہتے ہے، نبی ﷺ نے فرمایا : نیکی کے کسی بھی کام کو حقیر نہ سمجھو، چاہے وہ محض اپنے بھائی سے خندہ پیشانی کے ساتھ ملنا ہی کیوں نہ ہو ۔

مسلم:2626

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

خندہ پیشانی کے کیا معنی ہے؟

- ☆ خوشگوار اور مسکراتے ہوئے چہرے کے ساتھ ☐
- ☆ پیشانی نیچے کرکے ☐

اس حدیث میں نیکی کے کسی بھی کام کو حقیر نہ سمجھنے کو کیوں کہا گیا ہے ؟

- ☆ نیکی بھلائی پھیلاتی ہے ماحول نیک بنتا ہے ☐
- ☆ نیکی سے انسان کمتر ہوتا ہے ☐

3 مجلس میں آنے والوں کے لیے جگہ بنانا

اللہ فرماتا ہے:

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، جب تم سے کہا جائے کہ اپنی مجلسوں میں کشادگی پیدا کرو تو جگہ کشادہ کر دیا کرو، اللہ تمہیں کشادگی بخشے گا۔

مجادلہ: 11

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

اس آیت میں اللہ مومنوں سے کیا فرماتا ہے؟

- ☆ مجلسوں میں کشادگی پیدا کرنا۔ ☐
- ☆ مجلسوں کو شاندار بنانا۔ ☐

اگر ہم اللہ کا حکم مانیں گے تو اللہ کیا وعدہ کرتا ہے؟

- ☆ اللہ ہمارے لئے کشادگی پیدا کرے گا۔ ☐
- ☆ اللہ ہم سے خوش ہوگا۔ ☐

بھلا اللہ سے بڑھ کر کون وعدہ پورا کرنے والا ہے

حامد ایک مجلس میں خوشگوار چہرے سے داخل ہوا۔ حاضرین کو سلام کیا۔ مجلس بھری ہوئی تھی ۔ اس کے لئے کسی نے بھی جگہ نہیں بنائی ۔

" صحیح سلوک " اور " غلط سلوک " کونسے ہے خالی جگہ میں لکھیں

- حامد کا مجلس میں خوشگوار چہرے سے داخل ہونا
- حامد کا حاضرین کو سلام کرنا
- حامد کے لیے مجلس میں حاضرین کا جگہ نہ بنانا

اوپر بتائی گئی قرآن کی آیت میں کس مجلس کے آداب کے بارے میں بیان ہوا؟

- مجلس میں کشادگی پیدا کرو
- مجلس میں جایا کرو

4 مقرر کو سننا، ان کی بات میں خلل نہیں ڈالنا، بڑی آواز میں بات نہ کرنا

ا کچھ طلباء جمع ہو کر باتیں کر رہے تھے کہ ہفتہ وار چھٹی کیسے گزاری جائے۔جن میں بعض طلبہ بعض کی بات کاٹتے ہوئے بول رہے تھے اور وہ بڑی آواز میں بات کر رہے تھے ۔

ب کچھ طلباء ہفتہ وار چھٹی کیسے گزارنے کی باتیں کر رہے تھے ۔وہ ایک دوسرے کی بات خاموشی سے سنتے اورہستے بولتے اپنی بات بتا رہے تھے ۔

آپ کو ان دو مجلسوں میں کونسی اچھی معلوم ہوئی؟

☆ مجلس ا ☐

☆ مجلس ب ☐

5 اللہ کا ذکر کرنا اور نبی پر درود بھیجنا

جب مجلس میں بیٹھیں تو اچھی بات کریں، جس سے نفع ملے۔ اپنے خالق و مالک حقیقی کا ذکر ضرور کریں جس کی نعمتوں میں ہم پل رہے ہیں ۔ نبی ﷺ کا ذکر کریں اور ان پر درود بھیجیں ۔ اپنی بات سے دوسروں کو تکلیف نہ پہنچائیں ، نہ دوسروں کا مزاق اڈائیں، نہ کسی کی تحقیر کریں ۔

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

مجلس میں کی جانے والی باتوں میں اچھی اور بری کونسی ہے؟

- ☆ اللہ کا ذکر کرنا۔ ☐
- ☆ نبی ﷺ پر درود پڑھنا۔ ☐
- ☆ دوسروں کا مزاق اڈانا ☐
- ☆ صرف مزاحیا رہنا ☐

6 مجلس کا کفارہ ادا کرنا

کسی بھی مجلس کے اختتام پر کفارۃ المجلس کی دعا پڑھنی چاہیے ۔



سبحانك اللّٰهُمَّ وبحمدك
أشهد أن لا إله إلا أنت
أستغفرك وأتوب إليك



نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی مجلس میں بیٹھے اور اس نے بہت سی لایعنی باتیں کیں۔ پس وہ اپنی مجلس سے کھڑے ہونے سے قبل کہا: اے اللہ! تو پاک ہے اپنی قوبیوں کے ساتھ۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ، میں تجھ سے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں۔ تو اس کے اس مجلس کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں ۔

ترمزی :3433

میں نے مجلس کے کفارے کی دعا یاد کرلی ہے۔

خالی جگہ کو صحیح جواب سے بھریں

مجلس خیر اور بری مجلس کونسی ہے لکھیں ؟

☆ جس مجلس میں اللہ کا ذکر ہو رہا ہو

☆ جس مجلس میں خوشگوار ماحول اور خاموش سننے والے ہو

☆ جس مجلس میں باہمی احترام ہو

☆ جس مجلس میں باہمی مشورہ کر رہے ہو

☆ جس مجلس میں جھوٹ بولا جاتا ہو

☆ جس میں چغلی کی جاتی ہو

☆ جس میں زبانی بد سلوکی اور توہین کی جارہی ہو

☆ جس میں دوسروں کا مزاق اڈایا جارہا ہو

خیر کی مجلسوں میں ضرور شرکت کریں اور بری مجلسوں سے اجتناب کریں

اس رسالے میں بتائے گیے مجلس کے آداب

میں ہر مجلس میں ان آداب کو اپناتا ہوں اور کلاس روم میں بھی اپناتا ہوں

- جگہ بنانا (وسیع جگہ)
- خوش دلی
- السلام
- کفارۃ المجلس
- اللہ کا ذکر اور نبی ﷺ پر درود
- دوسروں کو تکلیف نہ پہنچانا
- دوسرے بات کرتے وقت خلل نہ کرنا
- اونچی آواز میں بات نہ کرنا

نیچے دیئے گئے سلوک صحیح اور خطع سلوک سے خانے پر کریئے

- اللہ کا ذکر
- کفارۃ المجلس
- دوسروں کا مزاق اڈانا
- غیبت کرنا
- نبی ﷺ پر درود
- بہت مزاق کرنا

وہ سلوک جن کو اپنانا چاہیے	وہ سلوک جن سے اجتناب کرنا چاہیے

رنگ بھریئے

مجلس کے کفارے کی دعا

سبحانك اللّٰهُمَّ

وبحمدك

أشهد أن لا إله إلا أنت

أستغفرك وأتوب إليك

سبحانك اللّٰهُمَّ وبحمدك أشهد أن لا إلٰه إلا أنت أستغفرك وأتوب إليك